تبدیلیوں کا خلاصہ

یہ ضابطہ چانسلر کے ضابطے A-414 مورخہ 5 ستمبر، 2000 کی جگہ ہے-

تبدیلیاں:

- اسکول حفاظتی کمیٹی کے اراکین میں توسیع کی گئی ہے تاکہ اس میں اجتمائی ممبران اور مقامی ایمبولینس اور دیگر ہنگامی حالات میں ردعمل کی ایجنسیاں شامل ہوں (صفحہ 1، حصہ I. C)-
- حفاظتی کمیٹی کے کردار اور ذمہ داریوں کو تفصیل میں بیان کیا گیا ہے- (صفحہ 1، حصہ I. A, B اور D)-
- اسکول حفاظتی کمیٹی کو کم از کم ایک سالانہ اجلاس منعقد کرنا ہوگا جو کہ اسکول کے تمام والدین کے لیے کھلا ہوگا- (صفحہ 1، حصہ I. F)
- پرنسپل / نامزد فرد کو حفاظتی کمیٹی کے ماہانہ اجلاسوں کے دستاویزات کو ماہانہ پیش کرنا ہوگا- (صفحہ 1، حصہ I. F)
- کیمپس کے ماحول میں پرنسپلوں کو یہ یقینی بنانا ہوگا کہ تحفظاتی منصوبے میں کیمپس کے ہر ایک اسکول کی مخصوص معلومات اور کیمپس کی معلومات موجود ہیں جنکا تعلق تمام اسکولی عمارت سے ہے- (صفحہ 1، حصہ II. C)-
- اسکول / کیمپس کے پرنسپل (پرنسپلوں) کے لیے اس منصوبے کی کاغذی نقل کو کسی محفوظ جگہ پر رکھنا ضرروی ہے- (صفحہ 2، حصہ II. H)-
- ہر ایک اسکولی تحفظاتی منصوبے کی ہنگامی حالات میں ردعمل کی معلومات کو بصغیہء راز رکھنا اور افشا نہ کرنا لازمی ہے- (صفحہ 2، حصہ II. I)-

اختصار

یہ ضابطہ چانسلر کے ضابطے A-414 مورخہ 5 ستمبر، 2000 کو منسوخ کرتا ہے اور اسکی جگہ ہے- ایک محفوظ اور پُرتحفظ اسکولی ماحول قائم رکھنا تمام اسکولی برادری، بشمول اسکول کے حفاظتی، تدریسی، غیر معلم اور نگران عملے اور والدین و طلبا کی مشترکہ ذمہ داری ہے- ممکنہ طور پر ایک محفوظ ترین ماحول مہیا کرنے کی جاری کوشش کے جز کے طور پر ہر ایک اسکول کی ایک حفاظتی کمیٹی ہوگی جو ماہانہ طور پر ملاقات کرے گی اور سالانہ طور پر لازماً ایک تحفظاتی منصوبہ تیار کرے گی-

I. اسکول حفاظتی کمیٹی

A. اسکولی برادری کے تمام ممبران بشمول منتظمین، عملہ، طلبا، والدین، نیویارک شہر محکمہء پولیس (NYPD)، اجتمائی قائدین اور اجتمائی ایجنسیوں کو محفوظ اسکول یقینی بنانے کے لیے پُرمعنی و متواتر مکالمے اور تعاون میں مشغول ہونا ہوگا- اسکول / کیمپس کی سطح پر حفاظتی کمیٹیوں کی تشکیل اس طرح کی گفت و شنید اور حفاظت کو بہتر بنانے کے لیے اسکول اور اجتمائی وسائل کے استعمال کا موقع فراہم کرتی ہے-

B. ہر ایک اسکول / کیمپس کی ایک اسکول حفاظتی کمیٹی ہونی چاہیئے- یہ پرنسپل (پرنسپلوں) کی ذمہ داری ہے کہ وہ یقینی بنائے (بنائیں) کہ ایسی کمیٹی کو تشکیل کیا جائے اور وہ ماہانہ اجلاس منعقد کرے- یہ کمیٹی تحفظاتی کارروائیاں اجرا کرنے، طلبا اور عملے کو توقعات اور ذمہ داریوں سے آگاہ کرنے، انسداد اور مداخلت کی حکمت عملیوں اور ایسے مخصوص پروگرام تخلیق کرنے میں ایک اہم کردار ادا کرتی ہے جو اسکولی ضروریات کے مطابق ہوں-

C. یہ کمیٹی کم از کم مندرجہ ذیل افراد پر مشتمل ہونی چاہیئے: پرنسپل (پرنسپلوں)؛ عمارت میں منعقد ہونے والے تمام دیگر پروگراموں کا نامزد فرد، اساتذہ کی متحدہ تنظیم (UFT) کا حلقہ لیڈر؛ نگران ایجنئیر / نامزد فرد؛ اندرونِ اسکول حفاظتی ایجنٹ سطح III / نامزد فرد؛ مقامی قانون کے نفاذ کے عہدےداران؛ انجمنِ والدین کا صدر / نامزد فرد؛ غذائیت دان / جائے وقوع کا طعامی خدمات کا نامزد فرد؛ اجتمائی ممبران، مقامی ایمبولینس یا دیگر ہنگامی حالات میں ردعمل کی ایجنسیاں؛ طلبا کی جمعیت کا نمائندہ (جہاں مناسب ہو)؛ اور کوئی بھی دیگر افراد جنکی شمولیت کو پرنسپل مناسب سمجھے-

D. کمیٹی جاری طور پر حفاظتی امور پر توجہ مرکوز کرنے اور اضافی تحفظاتی تدابیر، مداخلت، تربیت وغیرہ کی ضرورت کی شناخت کرنے پر پرنسپل کو مناسب مشورے دینے کی ذمہ دار ہے-

E. پرنسپل / نامزد فرد کے لیے ماہانہ طور پر آن لائن، اسکول تحفظاتی منصوبہ پورٹل کے ذریعے حفاظتی کمیٹی کے ماہانہ اجلاسوں کے دستاویزات اور لائحہء عمل کو جمع کرانا لازمی ہے-

F. ہر ایک پرنسپل کے لیے یہ یقینی بنانا لازمی ہے کہ اسکی اسکول حفاظتی کمیٹی کم از کم ایک سالانہ اجلاس کا انعقاد کرے جو اس اسکول کے تمام والدین کے لیے کھلا ہو- اس اجلاس کے انعقاد کا مقصد والدین کی اسکول سے متعلق تحفظاتی تشویشات، بشمول لیکن انہی تک محدود نہیں، اسکول حفاظتی ایجنٹ سے متعلق امور پر غور کرنا اور تبادلۂ خیال کرنا ہے-

II. اسکول تحفاظتی منصوبہ

A. کمیٹی ایک جامع تحفظاتی منصوبہ تشکیل دینے کی ذمہ دار ہے جو جائے وقوع کے عام عملی طریق کار کو اور یہ بیان کرتا ہے ہنگامی صورتحال میں کونسے طریق کار کا نفاذ ہوگا- اس منصوبے کا مجوزہ تحفظاتی منصوبے کے خاکے سے مطابقت رکھنا لازمی ہے جسے سالانہ طور پر ویب پر مبنی اسکول تحفظاتی منصوبہ پورٹل کے ذریعے آن لائن دستیاب بنایا جاتا ہے-

B. تحفظاتی منصوبوں کی اسکول حفاظتی کمیٹی کے ذریعے سالانہ طور پر تجدید کرنی چاہیئے تاکہ بدلتی ہوئی تحفظاتی ضروریات، تنظیم اور عمارت کی حالت میں تبدیلی اور دیگر عوامل کی تکمیل کی جاسکے- علاوہ ازیں، کمیٹی کو کسی ایسے دیگر وقت میں بھی تحفظاتی منصوبے میں ترامیم کی تجویز کرنی چاہیے جب حفاظتی تشویشات پر توجہ دینا ضروری ہو جائے-

C. کیمپس کے ماحول میں کیمپس کے پرنسپل کو یہ یقینی بنانا ہوگا کہ تحفظاتی منصوبے میں کیمپس کے ہر ایک اسکول کی مخصوص معلومات اور کیمپس کی معلومات موجود ہیں جنکا تعلق تمام عمارت سے ہے-

NYC Department of Education

D. پرنسپلوں کو ہر تعلیمی سال کے ستمبر کے تیسرے ہفتے کے آخر تک مرکزی دفتر برائے اسکول اور نوجوانان پیش روی کے تحفظاتی منتظم کی منظوری کے لیے مکمل شدہ تحفظاتی منصوبوں کو آن لائن جمع کرانا ہوگا-

E. تحفظاتی منتظم ہر ایک منصوبہ کی یہ یقینی بنانے کے لیے نظرثانی کرے گا کہ یہ تسلی بخش ہے اور تحفظاتی منصوبے کے خاکے سے مطابقت رکھتا ہے- تحفظاتی منتظم غیر تسلی بخش منصوبوں کو مناسب ترمیمات کے لیے پرنسپل کو واپس کردے گا-

F. تحفظاتی منتظم ہر ایک اسکول کے منظور شدہ منصوبے کو ہر تعلیمی سال کے اکتوبر کے آخر تک شعبہ برائے اسکولی تحفظ کے افسرِ اعلٰی کو جمع کرائے گا- شعبہ برائے اسکولی تحفظ کا افسرِ اعلٰی جن تحفظاتی منصوبوں کو غیر تسلی بخش قرار دے گا، انہیں مناسب و مزید کارروائی کے لیے تحفظاتی منتظم کو واپس کردیا جائے گا- تحفظاتی منتظم ضروری ترمیمات شامل کرے گا اور ہر تعلیمی سال کے 15 نومبر تک تحفظاتی منصوبے کی تصدیق کے لیے اسے افسر اعلٰی کو دوبارہ مہیا کرے گا-

G. دفتر برائے اسکول اور نوجوانان پیش روی اسکول حفاظتی کمیٹی کو تحفظاتی منصوبوں کو تیار کرنے اور حفاظت سے متعلقہ مسلسل امور پر توجہ دینے کے لیے جاری طور پر تکنیکی اعانت فراہم کرنے کے لیے دستیاب ہے-

H. پرنسپل کو منظور شدہ منصوبے کی کاغذی نقل (اسکول تحفظاتی منصوبہ پورٹل سے نقل نکال کر) کو ہر ایک اسکول میں کسی محفوظ جگہ پر رکھنا ہوگا-

I. ہر ایک اسکول کو تحفظاتی منصوبے کی ہنگامی حالات میں ردعمل کی معلومات کو بصغیہء راز رکھنا ہوگا اور انکو کسی بھی جگہ آن لائن شائع کرنے یا کسی بھی دیگر انداز میں افشا کرنے کی اجازت نہیں-

III. تحفاظتی منصوبے کی خلاف ورزی

A. کسی بھی استاد یا UFT حلقہ لیڈر کے ذریعے تحفظاتی منصوبے کی خلاف ورزی کی نالش کو جتنی جلد ممکن ہو، پرنسپل کے پاس درج کرانا چاہیئے-

B. پرنپسل یہ کوشش کرے گا کہ نالش وصول ہونے کے 24 گھنٹوں کے اندر اسکا حل نکالا جائے-

C. اگر استاد یا UFT حلقہ لیڈر کو اطمینان نہ ہو تو UFT شعبہء حفاظت کے ذریعے دفتر برائے اسکول اور نوجوانان پیش روی کے ساتھ 48 گھنٹوں کے اندر ایک ثالثی کی نشست کی اپیل درج کرائی جاسکتی ہے-

D. اگر استاد یا UFT حلقہ لیڈر کے لیے ثالثی کے نتائج غیر تسلی بخش ہوں، تو ایک تعجیلی ثالثی کی کارروائی کے ذریعے اپیل درج کرائی جاسکتی ہے جسے دونوں فریقین کو تشکیل دینا ہوگا-

IV. استفسارات

اس ضابطے سے متعلق استفسارات کو ذیلی پتے پر بھیجا جانا چاہیئے:

ٹیلیفون:
212-374-4368

Office of School and Youth Development
N.Y.C. Department of Education
52 Chambers Street - Room 218
New York, NY 10007

فیکس:
212-374-5751

NYC Department of Education